DUA · ACTS & SUPPLICATIONS IN SEVEN CHAPTERS

# Zikr of Plentiful Rewards

## صبح و شام بہت زیادہ اہمیت والا ذکر

> Shaikh Toosi (r) and Ibn Tawoos (r) report the Holy Prophet (s) as saying: Whoever says this word of glorification one time in the morning and one time in the evening, Almighty Allah sends an angel to Paradise with a silver shovel. The angel then gathers some clay of Paradise, which is sweet smelling musk, fixes a plant, surrounds it with a fence, places a door on it, and writes on the door that this plant is for so and so (writes the name of that person on the door). In another validly reported tradition, Sayyid Ibn Tawus reports Imam Sadiq (a) to have said that whoever says the aforesaid doxology intending to glorify Almighty Allah but not to express amazement, Almighty Allah will erase 1000 of his sins, record for him 1000 rewards, decide for him 1000 rights of intercession, raise him 1000 ranks, and creates from these words a white bird uttering these words of glorification continuously up to the Resurrection day and the reward of the bird's glorification words will be recorded for that person...

> شیخ طوسیؒ اور سید ابن طاووسؒ نے حضرت رسولؐ سے روایت کی ہے کہ جو شخص روزانہ صبح وشام ایک مرتبہ یہ کہے تو خداوند کریم بہشت کی طرف ایک فرشتہ بھیجتا ہے جس کے ہاتھ میں چاندی کا بیلچہ ہوتا ہے، وہ فرشتہ بہشت کی زمین جس کی مٹی خالص مشک ہے اس میں درخت لگاتا ہے، اس کے گرد دیوار بناتا ہے اور اس کے دروازے پر لکھ دیتا ہے کہ یہ فلاں بن فلاں کا باغ ہے کہ جس نے یہ تسبیح پڑھی ہے۔ سیدؒ نے ایک اور معتبر سند کے ساتھ امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ جو شخص تعجب کے لئے نہیں بلکہ خدا کی تسبیح کے ارادے سے یہ تسبیح پڑھے تو خدا تعالیٰ اس کے ۱۰۰۰ گناہ مٹا دے گا، اس کے نام ۱۰۰۰ نیکیاں لکھ دے گا اور قیامت والے دن ۱۰۰۰ آدمیوں کی شفاعت کا حق رکھتا ہوگا اور اس کے ۱۰۰۰ درجے بلند کر دے گا، ان کلمات کی برکت سے وہ اس کے لئے ایک سفید پرندہ خلق فرمائے گا جو قیامت تک تسبیح پڑھتا رہے گا اور اس کا ثواب اسی شخص کے لئے لکھا جاتا رہے گا۔۔۔

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ۔

*SUBHAANA ALLAAHI WABIHAMDIHI SUBHAANA ALLAAHI AL-'AZEEM.*

Glory be to Allah and with His praise. Glory be to Allah, the Most Great.

اللہ پاک ہے میں اس کی حمد کرتا ہوں اللہ پاک ہے بڑی عظمت والا۔



Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Printed from https://fzic.org/library/dua/zikr-of-plentiful-rewards-4110 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.